HESCO حیسکو پریس ریلیز مورخہ 22.09.2026

آج پورے پاکستان میں حیسکو کے کام کا نام بول رہا ہے، جس کا سہرا چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور اس کی پوری ٹیم کو جاتا ہے میں آپ تمام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، آج خوشی کا دن ہے اسی لیے خوشی کی بات کرنی ہے، ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ عوام کو بجلی کی بہتر سروس دلائیں ہم نے ساڑھے تین ارب روپے حکومت پاکستان سے منظور کرائے ہیں اس وقت حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی سربراہی میں حیسکو کی ٹیم بہترین بجلی کی سروس دے رہے ہیں، جس کی مثال یہ ہے کہ 70 عدد جنرل فیڈروں کو زیرو لوڈشیڈنگ کردیئے ہیں حیدرآباد کی عوام تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے باشعور عوام کے بھرپور تعاون سے روشنیوں کے سفر کو کامیابی سے کرتے جارہے ہیں، قومی اسمبلی پاور اسٹینڈنگ کمیٹی پورے ملک کی ڈسکوز کی کارکردگی کو دیکھتی رہتی ہے، جس میں حیسکو کی کارکردگی بہترین ہے اور اس کے علاوہ بجلی صارفین کے مسائل بھی حل کئے جارہے ہیں کھلی کچہری کی مدد سے میں حیدرآباد شہر کی عوام کا کیس ہمیشہ لڑتا آیا ہوں اور یہ کام کرتا رہونگا، عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کریں آج سیاستدانوں کا وقت نہیں ہے آج فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا وقت ہے اس لیئے ذمے دار شہری ہونے کا ثبوت دیں بجلی کے بل جمع کرائیں اور بجلی کی سہولت لیتے رہیں، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی پالیسی ہے کہ جو افسر اچھی کارکردگی دے گا وہ ہماری ٹیم کا حصہ ہوگا۔ رکن قومی اسمبلی ایم کیو ایم (پاکستان) ومبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی سید وسیم حسین

لوڈشیڈنگ کو میں برین شیڈنگ کہتا ہوں آج میں اس فیڈر کے تمام صارفین کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آج یہ 70 واں فیڈر ہے جو زیرو لوڈشیڈنگ ہو رہا ہے مہران یونیورسٹی کے انجینئرز کو بھی مبارکباد۔ ایم این اے ایم کیو ایم (پاکستان) ڈاکٹر عبدالعلیم خانزادہ

حیسکو کے 17 ڈویزن، 72 سب ڈویزن میں 12 لاکھ سے زائد صارفین ہیں گذشتہ سال 68 فیڈرز زیرو لوڈشیڈنگ کیے، اسی طرح رواں مالی سال میں بھی مزید 68 عدد فیڈروں کو زیرو لوڈشیڈنگ کرینگے یہ عوام کے بھرپور تعاون سے ہی ممکن ہوا ہے روشنیوں کے سفر کی کامیابی ہماری ٹیم اور عوام کے مشترکہ تعاون سے ممکن ہوئی ہے، حیدرآباد شہر کے 41 فیصد فیڈرز زیرو لوڈشیڈنگ ہیں اور رواں مالی سال کے آخر تک 50 فیصد کرلیں گے۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور اس کے ٹیم نے بہت اچھا کام کیا ہے اس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں 68 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینا ان علاقوں کے صارفین کے لیے خوش آئند اور اہم پیش رفت ہے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی جانب سے لوڈشیڈنگ میں کمی اور بجلی کی فراہمی میں بہتری کے اقدامات قابل ذکر ہیں، تاہم کسی بھی فنی خرابی کی صورت میں فالٹ آسکتا ہے، جسے دور کرکے بجلی کی فراہمی جلد بحال کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ حیسکو کے تقریباً 723 فیڈرز میں ہر سال 68 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے کے عمل کو مرحلہ وار آگے بڑھاتے ہوئے مستقبل میں تمام فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کے لیے واضح حکمتِ عملی اختیار کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں 12، 13 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنے والے علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں نمایاں تبدیلی ہے۔ حیسکو اور میڈیا کے درمیان مثبت اور مضبوط روابط قائم ہیں اور ادارے کے عوامی مفاد میں کیے جانے والے اقدامات کو میڈیا مثبت انداز میں اجاگر کرتا رہے گا۔ انہوں نے حیسکو افسران اور فیلڈ اسٹاف کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ لوڈشیڈنگ میں کمی، فالٹس کے فوری ازالے اور صارفین کو بہتر بجلی کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ صدر پریس کلب حیدرآباد جنید خانزادہ

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا روشنیوں کے سفر کے 69 ویں 11 کے وی نوں آباد فیڈر کو لوڈشیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے بھرپور تعاون سے بلخصوص منتخب عوامی نمائندوں کی مدد سے حیسکو انتظامیہ کا روشنیوں کے سفر کا دوسرا دور جاری ہے، حیسکو کے 17 ڈویزن، 72 سب ڈویزن میں 12 لاکھ سے زائد صارفین ہیں گذشتہ سال 68 فیڈرز زیرو لوڈشیڈنگ کیے، اسی طرح رواں مالی سال میں بھی مزید 68 عدد فیڈروں کو زیرو لوڈشیڈنگ کرینگے یہ عوام کے بھرپور تعاون سے ہی ممکن ہوا ہے روشنیوں کے سفر کی کامیابی ہماری ٹیم اور عوام کے مشترکہ تعاون سے ممکن ہوئی ہے، حیدرآباد شہر کے 41 فیصد فیڈرز زیرو لوڈشیڈنگ ہیں اور رواں مالی سال کے آخر تک 50 فیصد کرلیں گے 132 کے وی گرڈ اسٹیشن لطیف آباد کے 11 کے وی فیڈر اولڈ اسٹیڈیم کو لوڈشیڈنگ فری کردیا یہ حیسکو ریجن کا 70 واں فیڈر ہے جس کو لوڈشیڈنگ فری کیا گیا ہے اب اس فیڈر پر بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی سب سے پہلے آپ تمام کو مبارکباد کہ آج حیسکو انتظامیہ نے 11 کے وی نوں آباد فیڈر کو زیرو لوڈشیڈنگ کردیا ہے، عوام / صارفین آپ کو میں مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ 100 فیصد بل ادا کرتے ہیں میں مشکور ہوں حقیقت یہ ہے کہ آپ اسٹار کنزیومر ہیں، آپ کو زیرو لوڈشیڈنگ کی سہولت ملنا آپکا حق ہے، حیسکو روشنیوں کا سفر جاری رکھتے ہوئے نوں آباد کو زیرو لوڈشیڈنگ کررہے ہیں تو آج کے بعد کسی بھی صارف کو غلط بلنگ اور جرمانے نہیں لگایا جائے گا۔ اس کی حفاظت کرتے ہیں اسی طرح فیڈر کی بھی نگرانی کرنا لازمی ہے۔ کیونکہ اس کام میں سیکورنگ اور کومبنگ شامل ہے۔ آپ اور ہمارے درمیان ایک میثاق ہے جس کو ہم اخلاقی معاہدہ بھی کہتے ہیں میری خواہش ہے کہ ہمیشہ اس فیڈر کو مستقل ZERO زیرو لوڈشیڈنگ پر رکھیں، آپ کی اور ہماری ہر ممکن کوشش رہے کہ یہ سہولت برقرار رہے، MOU پر دستخط کریں جس کے تین نکات ہیں (1) ہم چوری نہیں ہونے دیں گے، (2) نہ ہی خود چوری کریں گیں، (3) ہم لاسسز کو 20% فیصد سے کم رکھیں گے ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹریبوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تاکہ AT&C کنٹرول میں رہے، اگر اس فیڈر پر کبھی فالٹ آئے گا تو اس کو حیسکو کا تکنیکی عملہ جلد دور کرے گا، میں اپنی حیسکو کی ٹیم کو بھی اس موقع پر مبارکباد دیتا ہوں۔ رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرو لوڈشیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرو لوڈشیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تاکہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہو رہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین آپریشن ڈویزن لطیف آباد (ٹو) ارشد شیخ، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویزن شہید امید علی عرفان شیخ کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر رکن قومی اسمبلی ایم کیو ایم (پاکستان) ومبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی سید وسیم حسین نے کہا کہ آج پورے پاکستان میں حیسکو کے کام کا نام بول رہا ہے جس کا سہرا چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور اس کی پوری ٹیم کو جاتا ہے میں آپ تمام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، آج خوشی کا دن ہے اسی لیے خوشی کی بات کرنی ہے، ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ عوام کو بجلی کی بہتر سروس دلائیں ہم نے ساڑھے تین ارب روپے حکومت پاکستان سے منظور کرائے ہیں اس وقت حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی سربراہی میں حیسکو کی ٹیم بہترین بجلی کی سروس دے رہے ہیں، جس کی مثال یہ ہے کہ 70 عدد جنرل فیڈروں کو زیرو لوڈشیڈنگ کردیئے ہیں حیدرآباد کی عوام تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے باشعور عوام کے بھرپور تعاون سے روشنیوں کے سفر کو کامیابی سے کرتے جارہے ہیں، اسٹینڈنگ کمیٹی پورے ملک کی ڈسکوز کی کارکردگی کو دیکھتے رہتے ہیں، جس میں حیسکو کی کارکردگی بہترین ہے اور اس کے علاوہ بجلی صارفین کے مسائل بھی حل کئے جارہے ہیں کھلی کچہری کی مدد سے میں حیدرآباد شہر کی عوام کا کیس ہمیشہ لڑتا آیا ہوں اور یہ کام کرتا رہونگا، عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کریں آج سیاستدانوں کا وقت نہیں ہے آج فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا وقت ہے اس لیئے ذمے دار شہری ہونے کا ثبوت دیں بجلی کے بل جمع کرائیں اور بجلی کی سہولت لیتے رہیں، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی پالیسی ہے کہ جو افسر اچھی کارکردگی دے گا وہ ہماری ٹیم کا حصہ ہوگا۔ رکن قومی اسمبلی ایم کیو ایم (پاکستان) ڈاکٹر عبدالعلیم خانزادہ نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کو میں برین شیڈنگ کہتا ہوں آج میں اس فیڈر کے تمام صارفین کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آج یہ 70 واں فیڈر ہے جو زیرو لوڈشیڈنگ ہو رہا ہے مہران یونیورسٹی کے انجینئرز کو بھی مبارکباد، اس موقع پر جنید احمد خانزادہ صدر حیدرآباد پریس کلب نے کہا کہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور اس کے ٹیم نے بہت اچھا کام کیا ہے اس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں 68 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینا ان علاقوں کے صارفین کے لیے خوش آئند اور اہم پیش رفت ہے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی جانب سے لوڈشیڈنگ میں کمی اور بجلی کی فراہمی میں بہتری کے اقدامات قابل ذکر ہیں، تاہم کسی بھی فنی خرابی کی صورت میں فالٹ آسکتا ہے، جسے دور کرکے بجلی کی فراہمی جلد بحال کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ حیسکو کے تقریباً 723 فیڈرز میں ہر سال 68 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے کے عمل کو مرحلہ وار آگے بڑھاتے ہوئے مستقبل میں تمام فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کے لیے واضح حکمتِ عملی اختیار کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں 12، 13 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنے والے علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں نمایاں تبدیلی ہے۔ حیسکو اور میڈیا کے درمیان مثبت اور مضبوط روابط قائم ہیں اور ادارے کے عوامی مفاد میں کیے جانے والے اقدامات کو میڈیا مثبت انداز میں اجاگر کرتا رہے گا۔ انہوں نے حیسکو افسران اور فیلڈ اسٹاف کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ لوڈشیڈنگ میں کمی، فالٹس کے فوری ازالے اور صارفین کو بہتر بجلی کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں معزز صارفین کو زیرو لوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت دی جارہی ہے انسانی ذات کی خدمت کے جذبے کے تحت بجلی کی فراہمی اپنے معزز صارفین کو دے رہے ہیں، اپنے صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں اور تقریب میں آنے والے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم زیرو لوڈشیڈنگ کرنے کا کام کررہے ہیں اور فیڈرز کے متعلق آگاہی دیتے ہوئے بتایا کہ اولڈ اسٹیڈیم فیڈر پر مجموعی طور پر 48 ٹرانسفارمرز اور 1274 گھریلو، 314 کمرشل، 10 صنعتی اور 15 دیگر کنیکشنز ہیں، جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہو رہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈشیڈنگ نافذ کی جاسکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں گے تو 24 گھنٹے بجلی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کو شاباشی دی، عوام کو مبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اس تقریب میں مہمانانِ خصوصی محترم سید وسیم حسین ایم این اے رکن قومی اسمبلی و ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی، محترم عبدالعلیم خانزادہ ایم این اے، محترم اقبال بیگ، نجم الدین قریشی، طارق باجاری سابقہ چیف انجینئر حیسکو، کاشف شیخ، نوید احمد شیخ، جنید ڈاہری، نجم الدین ابڑو سابقہ حیسکو آفیسر، عمران سہروردی، راحت کاظمی سینئر صحافی، جنید خانزادہ صدر حیدرآباد پریس کلب، رمیش کمار چیف انجینئر (پلاننگ)، امیر احمد میمن چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی)، عقیل نور میمن ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد، سنیل کمار ڈپٹی دائریکٹر (ٹیکنیکل)، اشفاق علی بھٹی ایکسین (ای ایل آر) کنسٹرکشن حیدرآباد، ایکسین کنسٹرکشن (ون) امتیاز علی میمن، محمد ارشد شیخ ایکسین آپریشن ڈویزن حیسکو لطیف آباد (ٹو)، صلاح الدین شیخ سرکل منیجر (ایم اینڈ ٹی) حیدرآباد، کوآرڈینیٹر/ایس ڈی او ولید اد چانڈیو، ڈپٹی منیجر (پی آر) محمد صادق کُمبر سمیت دیگر افسران موجود تھے جبکہ اسٹیج سکریٹری کے فرائض سراج بیگ نے سرانجام دیئے۔

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، رکن قومی اسمبلی و ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے توانائی سید وسیم حسین، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالعلیم خانزادہ و دیگر 11 کے وی اولڈ اسٹیڈیم فیڈر کو زیرو لوڈشیڈنگ کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے